پندرہ مجلات کا آخری ایڈیشن ۱۹۹۹ء میں طبع ہوا۔...... بہت ہی خوش بختی کی بات ہے کہ شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر تقی الدین صاحب الندوی مدظلہ جو کہ حضرت الشیخ کے قابل صد افتخار تلمیذ ہیں' نے اس پر مزید کام کرنے کا مشکل ترین بیڑہ اٹھایا۔ اپنی اس محنت شاقہ اور کوشش میں وہ کہاں تک کامیاب ہوتے ہیں۔ اسکا اندازہ ہم جیسے طفلانِ مکتب نہیں لگا سکتے۔ بلکہ جن عبقری شخصیات نے اس پر تقاریظ تحریر کی ہیں اور مقدمہ لکھا ہے' ان کی شہادتیں کافی ہیں' جدید اشاعت ۱۸ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ اسکی آخری جلد میں حضرت مولانا سید محمد رابع ندوی تحریر فرماتے ہیں۔ استطاع فضيلة الدكتور الشيخ تقي الدين الندوي انجاز عمله من اخراج الكتاب في حسن صورة واكملها بعد مابزل جهدا مضياً وعكوفا طويل مع العمل فاستحق بذالك تقدير العلماء والمشتغلين بعلوم السنة الشريفة واستحق تقديرهم وسيكون جزاءهم عند الله اوفى واكثر۔

کتاب کی امتیازی خصوصیات: حضرت شیخ الحدیثؒ کی یہ تالیف کئی خصوصیات اور امتیازات کی حامل ہے:

(۱) اس کتاب میں حدیث کی تشریح وتفصیل کے علاوہ ہر حدیث کو سند اور متن دونوں کے ساتھ مذکورہ ہیں اس میں ہر ہر لفظ کی ایسی تشریح کی گئی ہے جس کا سمجھنا ہر ناظر کیلئے آسان ہوگیا ہے۔ (۲) آپؒ نے مؤطا میں حدیث کے ذکر شدہ الفاظ کے علاوہ امہات کتب حدیث میں جو دوسرے الفاظ ذکر ہوئے ہیں' ان کی طرف تنبیہ فرمائی ہے' اور ان الفاظ کی تشریح بھی کی ہے۔ (۳) کتاب میں اسماء الرجال پر منقح کلام کیا ہے' اور روات کی جرح وتعدیل ذکر کرکے ناظر پر اس حدیث کا درجہ واضح کردیا ہے۔ (۴) تمام مسائل خلافیہ میں مذاہب اربعہ کے اقوال ان کے معتمد کتابوں سے ذکر کئے ہیں' بلکہ ہر مذہب میں جو مختلف اقوال ان کی کتابوں میں موجود ہیں ان کی نشاندہی بھی فرمائی ہے۔ (۵) اگرچہ بسا اوقات مذاہب کے ادلۃ کو استقصاء ذکر کئے ہیں لیکن کبھی کبھار کبھی موضع اور مقام کے مطابق تلخیص پر اکتفا کیا ہے۔ (۶) گویا یہ موطا اسی کی شرح ہے جس میں حدیث' فقہ' لغت سب موجود ہیں اور اول سے لیکر آخر تک ایک ہی طرز پر اول کتاب سے اختتام کتاب تک واضح اور جامع ومانع شرح ہے' جس میں نہ زیادہ ایجاز ہے اور نہ زیادہ اطناب گویا یہ ایک جامع الصفات شرح ہے' جسکی ہر صاحب علم کو ضرورت ہے اور ہر کتبخانے کی زینت ہے۔ عالم اسلام کے تمام دینی معاہد ومدارس جنکی لائبریریوں میں اس اہم کتاب کی موجودگی ازحد ضروری ہے' تاکہ متخصصین اور تحقیق ومراجعت کرنے والے حضرات کے علاوہ اساتذہ حدیث وفقہ اس سے یکساں طور پر مستفید ہوں۔ اراکین ادارہ مولانا ڈاکٹر تقی الدین ندوی صاحب مدظلہ کو اس عظیم کاوش ومحنت پر صدہا مبارکباد پیش کرتے ہیں اور جن حضرات نے مؤلف کیساتھ اس تحقیق میں حصہ لیا انکے رفع درجات کیلئے دعاگو ہے۔ فجزاهم الله عنا وعن جميع المسلمين۔

کتاب: فضائل العلم والعلماء مصنف: مولانا قاری سید صدیق احمد صاحبؒ۔ ضخامت: ۱۰۴ صفحات

قیمت: ۴۱/- روپے ناشر: مجلس نشریات اسلام' ناظم آباد منشن کراچی